**Shabbir / Fazil**

**13-12-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- حکومت نے CoalSETU پالیسی کو منظوری دے دی ہے۔ اُس نے صنعتی استعمال اور برآمد کے مقصد سے کوئلے کی کانوں کو مختص کرنے کیلئے نیلامی کا ایک نیا مرکز قائم کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ یہ ملک کی توانائی کی دستیابی کو اور زیادہ یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

2- انتخابی کمیشن نے، چناؤ فہرستوں پر جاری نظرثانی کے عمل کیلئے خصوصی مشاہدین مقرر کیے ہیں۔

3- جنگلاتی آگ کے عالمی بندوبست کو مستحکم بنانے سے متعلق بھارت کی قرارداد، نیروبی میں اقوام متحدہ کی ماحولیات سے متعلق اسمبلی کے ساتویں جلسے میں منظور کر لی گئی۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کے رہنماؤں نے نئے سرے سے جنگ بندی کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

5- اسکویش عالمی کپ میں آج چنئی میں سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ مصر سے ہوگا۔

6- اور کولکاتہ میں، فٹ بال کا جوش و خروش شباب پر ہے۔ ارجنٹینا کے تاریخ ساز کھلاڑی Lionel Messi یہاں پہنچ گئے ہیں اور انہوں نے اپنا تین روزہ GOAT انڈیا سفر شروع کر دیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Cabinet Coal Census

حکومت نے CoalSETU پالیسی کو منظوری دے دی ہے۔ اُس نے مختلف قسم کے صنعتی استعمال اور برآمدات کے مقصد سے کوئلے کی کانوں کی نیلامی کیلئے ایک نیا مرکز قائم کیا ہے۔ اس مرکز سے، اِس قدرتی وسیلے کی

مساویانہ دستیابی اور اس کے بہترین استعمال کی یقین دہانی ہوگی۔

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں اقتصادی امور کی کابینہ کمیٹی نے کل کوئلے کے بلا رکاوٹ، موَثر اور شفاف استعمال کے مقصد سے، کوئلہ کانوں کی نیلامی سے متعلق پالیسی CoalSETU کو منظوری دے دی ہے۔

نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ اس پالیسی سے کسی بھی طرح کے صنعتی استعمال اور برآمد کے مقصد سے طویل مدّت کیلئے نیلامی کی بنیاد پر کوئلہ کانوں کو مختص کیا جا سکے گا، جس کیلئے غیر ضابطہ جاتی شعبے NRS میں، کوئلہ کانوں کی نیلامی سے متعلق 2016 کی پالیسی کے تحت CoalSETU کے نام سے الگ مرکز قائم کیا گیا ہے۔

S/B - New Ashwini on Coalsetu

کابینہ نے 2027 کی مردم شماری کیلئے 11 ہزار 718 کروڑ روپے کے بجٹ کو بھی منظوری دی ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ 2027 کی مردم شماری دو مرحلوں میں کرائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ابھی تک کی سب سے پہلی ڈیجیٹل رائے شماری ہوگی۔ اس رائے شماری میں ذاتوں کی گنتی بھی کی جائے گی۔

S/B - Vaishnaw Census Phases

PM Coal and Copra

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکزی کابینہ کی، CoalSETU پالیسی کو منظوری دیا جانا، بھارت کی توانائی کی، سبھی کیلئے دستیابی کو یقینی بنانے اور اِس میدان میں ترقی کی رفتار میں تیزی لائے جانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ CoalSETU پالیسی سے کوئلے کے بلا رکاوٹ، موَثر اور شفاف استعمال کیلئے ایک نیا مرکز قائم ہوگا۔

ایک اور سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ 2026 کے سیزن کیلئے نارئل کی کم سے کم امدادی قیمت میں اضافے کے کابینہ کے فیصلے سے نہ صرف نارئل کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا، بلکہ نارئل کی پیداوار کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔

انہوں نے کہا کہ حکومت پورے ملک کے کسانوں کی زندگی کو بہتر بنانے کی پابند ہے۔×

EC SROs

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال، تمل ناڈو، اترپردیش اور کیرالہ سمیت آٹھ ریاستوں میں انتخابی فہرستوں پر خصوصی

تفصیلی نظرثانی SIR کیلئے خصوصی فہرستوں کے مشاہدین SROs مقرر کئے ہیں۔ یہ مشاہدین مغربی بنگال، تملناڈو، اترپردیش، گجرات، کیرالہ، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور راجستھان کیلئے مقرر کیے گئے ہیں۔
انتخابی ادارے نے کہا کہ SROs نے اپنا کام شروع کردیا ہے اور امید ہے کہ اِن ریاستوں میں یہ لوگ ہر ہفتے دو دن موجود رہیں گے، جب تک کہ فروری 2026 میں چناؤ فہرستوں کا حتمی کام شائع نہ ہوجائے۔
اِن مشاہدین کی موجودگی کا مقصد اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ یہ پورا عمل خوش اسلوبی، شفافیت اور سب کی شمولیت کی شکل میں مکمل ہوجائے۔x

MEA PM Three Nations Visit

وزیر اعظم نریندر مودی، اِس ماہ کی 15 تاریخ سے اُردن، ایتھوپیا اور عُمان کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے وزارت خارجہ میں سکریٹری برائے جنوب ڈاکٹر نِینا ملہوترا نے بتایا کہ اُردن کے شاہ عبد اللہ دوئم بن الحسین کی دعوت پر وزیر اعظم 15 دسمبر سے 16 دسمبر تک اُردن کا دورہ کریں گے۔ محترمہ نِینا ملہوترا نے بتایا کہ یہ وزیر اعظم مودی کا اردن کا پہلا دورہ ہوگا، جو دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 ویں سال کے موقع پر ہو رہا ہے۔
ڈاکٹر ملہوترا نے بتایا کہ وزیر اعظم، 16 اور 17 دسمبر ایتھوپیا جائیں گے، جس سے جنوب-جنوب تعاون کو مزید مستحکم کرنے کی جانب بھارت کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔
انہوں نے یہ اطلاع بھی دی کہ وزیر اعظم ایتھوپیا میں اپنے ہم منصب ڈاکٹر عابی احمد علی سے باہمی اور وفد کی سطح کے مذاکرات بھی کریں گے۔
اِس ماہ کی 17 اور 18 تاریخ کو عُمان کے وزیر اعظم کے دورے کے بارے میں اطلاع فراہم کرتے ہوئے سکریٹری برائے CPV & OIA، ارون کمار چڑجی نے بتایا کہ وزیر اعظم کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا ایک وفد بھی جائے گا۔ جناب چڑجی نے بتایا کہ عمان کے وزیر اعظم کے دورے کے دوران کئی دستاویزات پر دستخط کیے جانے کی امید ہے۔x

Chhattisgarh Maoists

امورِ داخلہ اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج چھتیس گڑھ میں بستر اولمپکس کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔ یہ تقریب بستر کے ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز جگدل پور میں آج دوپہر منعقد ہوگی۔ یہ بستر اولمپکس کا دوسرا ایڈیشن ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کل رات رائے پور پہنچے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C Vikalp Shukla

چھتیس گڑھ میں جاری بستر اولمپکس میں اِس سال تین لاکھ 91 ہزار سے زیادہ کھلاڑیوں نے رجسٹریشن کرایا تھا۔ مقابلے تین مرحلوں میں منعقد کیے گئے تھے، جس میں بستر ڈویژن کے سبھی سات ضلعوں نے شرکت کی تھی۔ آخری مرحلے میں ڈویژن سطح کے مقابلوں میں تقریباً تین ہزار 500 کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں، جن میں خود سپردگی کرنے والے نکسل اور نکسلی تشدد سے متاثر کھلاڑی بھی حصہ لے رہے ہیں۔ اِن اولمپکس سے بستر میں مثبت تبدیلیوں کا اظہار ہوتا ہے کہ کس طرح یہ خطہ نکسل مسئلے سے نجات حاصل کرنے کی طرف آگے بڑھ رہا ہے۔اِس قبائلی علاقے کے نوجوان کھلاڑیوں کیلئے یہ بہترین پلیٹ فارم کے طور پر بھی ابھر رہا ہے اور انھیں ریاست اور قومی سطحوں پر پہچان بنانے میں مدد کر رہا ہے۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبرنامے کے لیے میں ............

Alok Chandra Labour Code

محنت و روزگار کی وزارت میں محنت و روزگار کے سینئر مشیر جناب آلوک چندر نے کہا ہے کہ نئے لیبر ضابطے ایک شفاف، پائیدار اور پیش بنی پر مبنی قانونی فریم ورک کی تشکیل کرنے کیلئے وضع کیے گئے ہیں، جو کاروبار کی ضرورت اور ورکر کی بہبود کے درمیان توازن پیدا کرتے ہیں۔

نئی دلّی میں آجروں کی کُل ہند تنظیم AIOE کے سالانہ کنوینشن اور 91 ویں سالانہ جنرل میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب چندر نے یہ بات کہی۔

انہوں نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل-پہلے کے نقطۂ نظر پر منتقل کے ذریعے کاروبار کرنے کی آسانی کو مزید بہتر کرنے کی غرض سے یہ نیا فریم ورک تشکیل دیا گیا ہے۔×

Defence Secy

وزارت دفاع میں دفاعی پروڈکشن کے سیکریٹری سنجیو کمار نے آج کے دور میں درپیش روایتی اور غیر روایتی چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے ملک کو دفاعی مینوفیکچرنگ کے شعبے میں خودکفیل ہونے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ نئی دلی میں بھارتی کمپٹرولر اور آڈیٹر جنرل کے زیر اہتمام ایک لیکچر کے دوران انھوں نے یہ بات کہی۔ لیکچر کا موضوع تھا: ''دفاعی شعبے میں آتم نربھر بھارت اور حکومت کے مختلف اقدامات''۔ سیکریٹری جناب کمار نے ایک مضبوط دفاعی ایکو نظام کی تشکیل میں سری جن اسکیم، ملک میں دفاعی سازوسامان تیار کرنے سے متعلق مثبت فہرستوں، عملی نظام کی تشکیل اور

IDEX اسکیم کے مثبت اثرات کو بھی اجاگر کیا۔x

JP Nadda HP Visit

BJP کے قومی صدر اور صحت و خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا آج ہماچل پردیش کی راجدھانی شملہ میں BJP کے نئے ریاستی ہیڈ کوارٹرس میں بھومی پوجن میں حصہ لیں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ جناب نڈا ہماچل پردیش کے دو روزہ دورے پر کل شام شملہ پہنچے۔x

V/C Ritesh Kapoor

BJP کے قومی صدر اور مرکزی وزیر جناب جگت پرساد نڈّا کی ہماچل پردیش میں آمد کے موقع پر BJP کی ریاستی اکائی آج شملہ میں ایک تہنیتی پروگرام کا انعقاد کرے گی۔ اِس موقع پر جناب نڈّا ایک جلسے سے خطاب کریں گے۔ وہ ریاست میں کانگریس کی سرکار کی کارکردگی اور 2027 کے اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کے بارے میں بات چیت کیلئے پارٹی کے سینئر لیڈروں کے ساتھ شملہ میں ایک میٹنگ بھی کریں گے۔ ریاستی BJP صدر راجیو بِندل نے کہا کہ بہار میں NDA اور BJP کی زبردست کامیابی کے بعد جناب نڈّا کا ہماچل پردیش کا یہ پہلا دورہ ہے اور اس لیے ہزاروں پارٹی ورکر انھیں ایک شاندار استقبالیہ دیں گے۔ انھوں نے مزید کہا کہ پارٹی کارکنوں کے درمیان ریاست میں جناب نڈّا کے دورے کے سلسلے میں زبردست جوش و خروش ہے۔x

رتیش کپور کی خبر کے ساتھ اردو خبرنامے کیلئے میں.....

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

UNEP INDIA

کل کینیا کی راجدھانی نیروبی میں ماحولیات سے متعلق اقوامِ متحدہ اسمبلی کے ساتویں اجلاس UNEP-7 میں جنگلاتی آگ کے عالمی بندوبست کو مستحکم کرنے سے متعلق بھارت کی قرارداد کو منظور کیا گیا۔ بھارت کے ذریعے پیش کی گئی قرارداد کو رکن ملکوں کی جانب سے وسیع حمایت حاصل ہوئی۔

ایک بیان میں ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا میں تبدیلی کی وزارت نے کہا کہ بھارت نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ جنگلاتی آگ اس وقت پوری دنیا کیلئے سب سے بڑے چیلنج کے طور پر اُبھر رہی ہے۔ قرارداد کا مقصد جنگلاتی آگ سے نمٹنے کے بندوبست کی کارروائیوں میں بین الاقوامی تعاون اور تال میل کو مستحکم کرنا ہے۔x

Communication MoU

بامبے اسٹاک ایکسچینج BSE اور مواصلات کی وزارت نے ڈاک ملازمین کو Mutual فنڈ تقسیم کاروں کے طور پر تربیت دینے اور توثیق کرنے کے سلسلے میں کل نئی دلّی میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے۔ یہ منتخب ڈاک ملازمین سرمایہ کار اور Mutual فنڈ لین دین سے متعلق خدمات انجام دیں گے۔ وزارت نے پورے ملک میں سرمایہ کاری کے عمل تک آسان رسائی کو وسعت دینے اور مالی شمولیت کو مستحکم کرنے کی سمت میں اسے ایک بڑا قدم قرار دیا ہے۔x

Parl Attack Anniversary

ملک آج ان سکیورٹی اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کر رہا ہے، جنہوں نے سن 2001 میں دہشت گردانہ حملے میں پارلیمنٹ کا دفاع کرتے ہوئے اپنی جان کی قربانی دی۔ نائب صدر اور راجیہ سبھا چیئرمین سی-پی رادھا کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، مرکزی وزراء اور پارلیمانی اراکین آج پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں شہداء کو گلہائے عقیدت نذر کریں گے۔x

Trump Thai Combodia

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کے رہنماؤں نے ایک بار پھر فوری طور سے نئے سرے سے جنگ بندی کے معاہدے پر اتفاق کر لیا ہے۔

ہفتہ بھر جاری وحشت ناک سرحدی تصادم کے بعد ازسرِنو جنگ بندی پر اتفاق کیا گیا۔ ان تصادموں میں 20 افراد ہلاک اور تقریباً 5 لاکھ لوگ بے گھر ہو گئے ہیں۔

صدر ٹرمپ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں معاہدے اور ملیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم کے تعاون کیلئے اپنی ذاتی مداخلت کو سراہا ہے۔ جناب ٹرمپ نے کہا کہ انھوں نے تھائی لینڈ کے وزیراعظم Anutin Charnvirakul اور کمبوڈیا کے وزیراعظم Hun Manet سے فون پر بامعنی بات کی اور دونوں رہنماؤں نے گولی باری روکنے پر اتفاق کرلیا۔

انھوں نے زور دے کر کہا کہ دونوں لیڈروں نے اِس سال اکتوبر میں کوالالمپور میں دستخط شدہ اصل امن معاہدے پر واپس عمل کرنے پر بھی اتفاق کیا۔x

Squash

آج چنئی میں بھارت، جسے دوسرا درجہ حاصل ہے، اسکویش عالمی کپ کے سیمی فائنلز میں دفاعی چیمپئن مصر کے ساتھ کھیلے گا، جبکہ دوسرے سیمی فائنلز میں ہانگ کانگ کا مقابلہ، جسے اعلیٰ ترین مقام حاصل ہے، جاپان سے ہوگا۔ بھارت، ساتویں درجے کے جنوبی افریقہ کو کوارٹر فائنلز میں تین-صفر سے ہرا کر سیمی فائنل میں پہنچا ہے، جبکہ مصر نے آسٹریلیا کو تین-صفر سے ہرا کر سیمی فائنلز میں جگہ بنائی ہے۔

بھارت لگاتار دوسری بار اسکویش عالمی کپ کے سیمی فائنلز میں پہنچا ہے اور 2023 کے ٹورنامنٹ میں اُس نے کوارٹر فائنلز میں جگہ بنائی تھی۔×

Messi Kolkata

فٹ بال کے معروف ترین کھلاڑی Lionel Messi آج آدھی رات کولکاتہ پہنچ گئے۔ اُن کی آمد پر فٹ بال کے شائقین میں زبردست جوش و خروش پایا جاتا ہے۔ وہ بھارت کا تین روزہ GOAT-انڈیا دورہ کریں گے۔ اُن کے ہزاروں پرستار، دسمبر کی سردی پرواہ نہ کرتے ہوئے، ہوائی اڈّے پر اُن کی ایک جھلک دیکھنے کیلئے بیتاب تھے۔

S/B - Messi Footballer

آٹھ مرتبہ Ballon d'Or حاصل کرنے والے اِس کھلاڑی کے بارے میں امید ہے کہ وہ بہت سی تقریبات میں شرکت کریں گے، جس میں لوگوں سے میل جول کا اجلاس اور 70 فٹ اونچے مجسّے کی، ورچوئل وسیلے سے نقاب کشائی بھی شامل ہے۔

یہ مجسمہ Lake Town میں Sreebhumi اسپورٹنگ کلب میں اُن کے اعزاز میں نصب کیا جا رہا ہے۔ ارجنٹینا کے سُپر اسٹار کھلاڑی، بھارت کا یہ دورہ 14 سال بعد کر رہے ہیں۔ اِس دورے میں وہ ممبئی اور دلّی بھی جائیں گے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ -شبانہ

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے ملک کی پہلی ڈیجیٹل مردم شماری کیلئے بجٹ

کی منظوری سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اخباروں کے مطابق مردم شماری 2027 دو مرحلوں میں کرائی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں گھروں کی فہرست اور گنتی ہوگی اور دوسرے مرحلے میں لوگوں کی گنتی کی جائے گی۔ کابینہ نے اس کیلئے 11 ہزار 718 کروڑ روپے کی منظوری دی ہے۔

کانگریس کے سینئر رہنما اور سابق مرکزی وزیر داخلہ شیوراج پاٹل کا 90 سال کی عمر میں انتقال۔ اس خبر کو آج کے زیادہ تر اخباروں نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی، کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے اور راہل گاندھی سمیت دیگر سرکردہ رہنماؤں نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ آخری رسومات آج لاتور میں ادا کی جائیں گی۔

کوئلے کی برآمد سے متعلق نئی پالیسی کو کابینہ کی منظوری یو پی، بی جے پی کے صدر کیلئے انتخابی عمل شروع۔ اِن خبروں کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے، جس کے مطابق بھارتیہ جنتا پارٹی 16 دسمبر سے پہلے اپنے ریاستی صدر کا انتخاب کر لے گی۔

روزنامہ پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے کپ سیرپ کے معاملے میں ED کی طرف سے 25 مقامات پر چھاپے مارے جانے کی خبر کو اہمیت دی ہے۔ یہ کارروائی کھانسی سیرپ تیار کرنے والی کمپنی پر منی لانڈرنگ کے سلسلے میں کی گئی ہے۔

جبکہ روزنامہ انقلاب نے غزہ میں طوفانی بارش سے بھاری تباہی اور ہلاکتوں کی خبر کو اُجاگر کیا ہے۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- حکومت نے CoalSETU پالیسی کو منظوری دے دی ہے۔ اُس نے صنعتی استعمال اور برآمد کے مقصد سے کوئلے کی کانوں کو مختص کرنے کیلئے نیلامی کا ایک نیا مرکز قائم کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ یہ ملک کی توانائی کی دستیابی کو اور زیادہ یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

2- انتخابی کمیشن نے، چناؤ فہرستوں پر جاری نظرثانی کے عمل کیلئے خصوصی مشاہدین مقرر کیے ہیں۔

3- جنگلاتی آگ کے عالمی بندوبست کو مستحکم بنانے سے متعلق بھارت کی قرارداد، نیروبی میں اقوام متحدہ کی ماحولیات سے متعلق اسمبلی کے ساتویں جلسے میں منظور کر لی گئی۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ تھائی لینڈ اور کمبوڈیا کے رہنماؤں نے نئے سرے سے جنگ بندی کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

5- اسکویش عالمی کپ میں آج چنئی میں سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ مصر سے ہوگا۔

6- اور کولکاتہ میں، فٹ بال کا جوش و خروش شباب پر ہے۔ ارجنٹینا کے تاریخ ساز کھلاڑی Lionel Messi یہاں پہنچ گئے ہیں اور انہوں نے اپنا تین روزہ GOAT انڈیا سفر شروع کر دیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------